## سوال

(38) کیا روح کو مٹی سے بنایا گیا ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ماہنامہ دعوۃ التوحید جلد 3 شمارہ 25 صفحہ 18 پر مضمون نگار تحریر فرماتے ہیں :

"پاکیزہ روح! اللہ کی مغفرت اور رضا کی طرف چل، فرشتے اسے پہلے آسمان سے ساتویں آسمان تک لے جاتے ہیں۔ اللہ فرماتا ہے، میرے بندے کا نامہ عمل علیین میں لکھ دو اور اسے زمین کی طرف لوٹا دو کیونکہ میں نے انہیں زمین سے بنایا تھا۔"

بات روح کی ہو رہی ہے، کیا روح کو مٹی سے بنایا گیا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روح رب تعالیٰ کے امر (حکم) میں سے ہے۔ جیسے کہ قرآن مجید میں ہے (دیکھیے 17 بنی اسراءیل : 85) اس کی حقیقت کسی پر بھی نہیں کھل سکی۔ روح کی حقیقت اللہ ہی جانتا ہے۔ باقی روح کو جسم میں لوٹانے کا حکم ہے اور جسم مٹی سے بنایا گیا نہ کہ روح۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ افکارِ اسلامی

### شرک اور خرافات، صفحہ: 128

محدث فتویٰ